مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، کہ جن موذی جانوروں کو مارنا مستحب ہے؟ وہ کون کون سے ہیں؟ ان کے مارنے کا کیا حکم ہے؟

الجامعة الأشرفية
دار الافتاء
شارع فیروزپور لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ جن موذی جانوروں کا مارنا ثواب ہے، ان میں سے سانپ، بچھو، گرگٹ، چھپکلی۔ نیز زمین پر رہنے والی مکڑی وغیرہ ہیں، جو رات کے وقت نکلتی ہے اور موذی ہوتی ہے، لیکن جو مکڑی عام طور پر گھروں میں پائی جاتی ہے بلاضرورت اور بغیر پریشانی وضرر کے اس کو نہیں مارنا چاہیے۔

عن أبي ہريرةؓ، قال: أمر رسـول الله صـلى الله عليه وسـلم أن نقتل الأسـو دين في الصـلوة العقرب والحية۔ (مسـند أحمد٦/١٥٧، رقم:٧٨٠٤، سنن الترمذي، أبواب الصلوة، باب ماجاء في قتل الاسودين في الصلاة، النسخة الهندية١/٨٩، دارالسلام، رقم:٣٩٠، مسند دارمي، دار المغني ببروت ٣/٩٤٥، رقم:١٥٤٥)

عن عائشةؓ أنها قالت: قال رسـول الله صـلى الله عليه وسـلم: اقتلوا الحيات كلهن۔ (مسـند أحمد ٦/١٥٧، رقم: ٢٥٧٥٥، سـنن الترمذي، أبواب الصيد، باب في قتل الحيات، النسخة الهندية١/٢٧٣، دارالسلام رقم:١٤٨٣)

عن أم شـريكؓ، أن رسـول الله صـلى الله عليه وسـلم أمر بقتل الوزغ۔ (بخاري شـريف، كتاب الأنبياء، باب قول الله عزوجل واتخذ الله إبراہيم خليلاً، ١/٤٧٤، رقم: ٣٢٤٨، ف:٣٣٥٩، في كتاب بدء الخلق،باب خير مال المسلم غنم١/٤٦٦، رقم:٣١٩٩، ف:١٠١ ٣٣)

من قتل وزغا في أول ضـربة كتبت له مأة حسـنة وفي الثانية دون ذلك وفي الثالثة دون ذلك. (مسـلم شـريف، كتاب قتل الحيات، باب استحباب قتل الوزغ، النسـخة الهندية٢/٢٣٦، بيت الأفكار رقم: ٢٢٤٠، سـنن الترمذي، أبواب الصـيد، باب في قتل الوزغ، النسـخة الهندية ٢/٢٧٣، دارالسلام رقم: ١٤٨٢، سنن ابن ماجه أبواب الصيد، باب قتل الوزغ،النسخة الهندية٢/٢٣٢، دار السلام رقم:٣٢٢٨)

النوع الآخر يحضـر بيته في الأرض، ويخرج في الليل كسـائر الهوام وہي على ما ذكره غير واحد من ذوات السـموم، فليسـن قتلها لذلک۔ (روح المعاني، سورة العنكبوت، تحت تفسير الآية:٤١، جز٢٠، مكتبه، زكريا ديوبند ١١/٢٤١) والله تعالى اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

١٨/ جمادی الاول/ ١٤٤٤ھ

13/ دسمبر/ 2022ء

دار الافتاء
رقم الافتاء: 94/149
13/12/2022
الجامعة الأشرفية

الجواب صحیح

الجواب صحیح

١٨ جمادی الاولیٰ ١٤٤٤ھ